PUBLIC

standard chartered

SCBPL/CS/2023/087

27 October 2023

The General Manager
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi

Dear Sir,

**Notice of Interim Dividend Declaration and Book Closure - 2023**
**Standard Chartered Bank (Pakistan) Limited**

Please find enclosed copies of notice "Interim Dividend Declaration and Book Closure – 2023" announced for the year ending 31 December 2023.

This notice will be published in following newspapers "Business Recorder" (in English) and "Express Urdu" (in Urdu) on Saturday, 28 October 2023.

Yours truly,

**Asif Iqbal Alam**
Company Secretary

Enclose: as above

standard
chartered

# Declaration of Interim Dividend and Notice of Book Closure

The Board of Directors of Standard Chartered Bank (Pakistan) Limited ("SCBPL") in their meeting held on Wednesday, 25 October 2023 has declared an interim cash dividend of 25% (i.e., Rs. 2.5 per share of Rs. 10/- each) for the year ending 31 December 2023. This is in addition to the interim dividend already paid @ 40% (i.e. Rs 4 per share of Rs. 10 each).

For the purpose of ascertaining the entitlement of the aforementioned cash dividend, the share transfer books of SCBPL will remain closed from Monday, 6 November 2023 to Wednesday, 8 November 2023 (both days inclusive). Transfers received in order at the office of our Share Registrar i.e. M/s CDC Share Registrar Services Limited (Share Registrar Department), CDC House, 99-B, Block B, SMCHS, Main Shahra-e-Faisal, Karachi, Toll-Free: 0800-23275, Fax: (021) 34326053, E-mail: info@cdcsrsl.com, Web: www.cdcsrsl.com, before the close of business hours on Friday, 3 November 2023 will be considered in time for the above dividend entitlement.

By the order of the Board

Asif Iqbal Alam
Company Secretary

Karachi
28 October 2023

SHAREHOLDERS AWARENESS:

1. CNIC Requirements: In compliance with the Securities and Exchange Commission of Pakistan's (SECP) directive, SRO 831 dated 5 July 2012, the availability of Computerised National Identity Card (CNIC) numbers of shareholders for dividend payments is **MANDATORY**, therefore shareholders are requested to provide a copy of their valid CNICs, if they have not already done so, to our Share Registrar at their above-referred office address latest by Friday, 3 November 2023. Failing which may result in withholding of dividend payments of respective shareholders.

2. e-Dividend/Bank Mandate: Furthermore, Section 242 of the Companies Act, 2017, has made it **MANDATORY** for all listed companies to pay cash dividends only through electronic mode directly into the bank account designated by entitled shareholders. Therefore, shareholders are requested to submit their IBAN/Bank details with our Share Register at their above-mentioned address (for physical shares) or to their relevant participant/CDC Investor Account Services. In the absence of IBAN details, we will not be able to make payment of the dividend amount to the respective shareholders.

3. Tax Requirements: The dividend income on shares is liable to deduction of withholding tax under Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001. The 'Filer' and 'Non-Filer' shareholders will pay tax on dividend income @ 15% and 30% respectively. The Filer status of shareholders will only be determined by referring National Tax Number (NTN) for corporates and CNIC for individuals and the appearance of the shareholder's name in the Active Taxpayers List (ATL) available on the Federal Board of Revenue (FBR) website http://www.fbr.gov.pk/.

   In case a Folio/CDS Account is jointly held, each joint-holder will be treated separately as Filer or Non-Filer and tax will be deducted on the gross dividend amount determined by bifurcating the shareholding of each joint-holder on equal proportions, except where the shareholding proportion of joint-holders is pre-defined as per the records of the Bank's Share Registrar and thus tax rates will be applied in line with respective proportions.

   In this regard, all shareholders, whose names are not entered into the ATL despite the fact that they are filers, are advised to make sure that their names appear in the ATL before the cut-off date (referred to above), otherwise, they will be treated as non-filers for tax deduction purpose.

   **Corporate shareholders** are requested to provide a copy of a valid Income Tax Exemption Certificate issued by the concerned authority to their institution; It is compulsorily required to claim tax exemption in terms of clarification issued by FBR vide their letter C.No.1 (43) DG (WHT)/2008-Vol.11-66417-R dated 12 May 2015. In case you are subject to any special tax rate, please also provide a copy of the relevant certificate issued by the concerned authority. Relevant copies should reach our Share Registrar at their above-mentioned office address latest by the cut-off date.

standard chartered

# عبوری منافع کا اعلان اور نوٹس برائے بک کلوژر

اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ (''SCBPL'') کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے بدھ، 25 اکتوبر 2023 کو منعقد ہونے والے اپنے اجلاس میں 31 دسمبر 2023 کو ختم ہونے والے سال کیلئے 25 فیصد عبوری منافع (یعنی ہر 10 روپے کے حصص پر 2.5 روپیہ) کا اعلان کیا ہے۔ یہ 40 فیصد (یعنی ہر 10 روپے کے حصص پر 4 روپیہ) عبوری منافع کے علاوہ ہے جس کی ادائیگی پہلے کی جاچکی ہے۔

مذکورہ عبوری منافع کے استحقاق کے تعین کیلئے SCBPL کی حصص کی منتقلی کی کتابیں پیر 6 نومبر 2023 سے بدھ 8 نومبر 2023 تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ حصص کی منتقلی کیلئے بینک کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، (شیئر رجسٹرار ڈپارٹمنٹ)، CDC ہاؤس، B-99، بلاک-B، SMCHS، مین شاہراہ فیصل، کراچی، ٹول فری نمبر: 23275-0800، فیکس: 34326053(021)، ای میل: info@cdcsrsl.com، ویب سائٹ: www.cdcsrsl.com، کو جمعہ 3 نومبر 2023 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہونے والی درخواستیں مذکورہ بالا عبوری منافع کے استحقاق کیلئے بروقت تصور ہوں گی۔

حسب الحکم بورڈ

**آصف اقبال عالم**
کمپنی سیکریٹری

کراچی
28 اکتوبر 2023

## شیئر ہولڈرز کی آگاہی

1- **CNIC کی ضرورت**: سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی ہدایات SRO 831 بتاریخ 5 جولائی 2012 کے تحت منافع منقسمہ کی ادائیگی کیلئے شیئر ہولڈرز کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبر کا ہونا لازمی ہے، لہٰذا شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار کو ان کے درج بالا دفتری پتے پر اپنے CNIC کی نقل جمعہ 3 نومبر 2023 تک فراہم کر دیں (اگر انہوں نے اب تک فراہم نہیں کی ہیں)۔ ایسا نہ کرنے کی صورت میں شیئر ہولڈرز کو ڈیویڈنڈز کی ادائیگی روکی جاسکتی ہے۔

2- **ای ڈیویڈنڈ/ بینک مینڈیٹ**: مزید برآں، کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کے تحت تمام لسٹڈ کمپنیز کو عبوری منافع کی ادائیگی صرف الیکٹرونک طریقے سے، استحقاق کے حامل شیئر ہولڈرز کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹس میں براہِ راست کرنا لازمی ہے۔ لہٰذا شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے IBAN کی تفصیل ہمارے شیئر رجسٹرار کو مندرجہ بالا پتے پر (فزیکل شیئرز کے لئے) یا اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹ/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو جمع کروائیں۔ IBAN کی عدم وصولی کی صورت میں ہم شیئر ہولڈرز کو منافع کی ادائیگی نہیں کرسکیں گے۔

3- **ٹیکس کی شرائط**: انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 سیکشن 150 کے تحت شیئرز پر ڈیویڈنڈ کی آمدن پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کی جاتی ہے اور فائلرز اور نان فائلرز شیئر ہولڈرز ڈیویڈنڈ انکم پر بالترتیب 15% اور 30% ٹیکس ادا کریں گے۔ شیئر ہولڈرز کے فائلر ہونے کا تعین فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی ویب سائٹ http://www.fbr.gov.pk/ پر موجود ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں درج ہونے والے نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) برائے کارپوریٹ اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) برائے افراد کا حوالہ اور اس کا نام ظاہر ہونے پر کیا جائے گا۔

Folio/CDS جوائنٹ اکاؤنٹ رکھنے کی صورت میں ہر جوائنٹ ہولڈر کو بطور فائلر یا نان فائلر علیحدہ تصور کیا جائے گا اور ٹیکس کی کٹوتی ڈیویڈنڈ کی مجموعی رقم پر کی جائیگی جس کا تعین شیئر ہولڈرز میں شیئر ہولڈنگ کے تناسب کے مساوی تقسیم کے مطابق کیا جائے گا سوائے اس کے کہ شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی تفصیل پہلے ہی بینک کے شیئر رجسٹرار کے ریکارڈ میں موجود ہوں اس صورت میں ٹیکس کی شرح ان کے متعلقہ تناسب سے لاگو کی جائیگی۔

اس سلسلے میں وہ شیئر ہولڈر جن کے نام فائلرز ہونے کے باوجود ATL میں موجود نہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ ان کے نام ATL میں مقررہ تاریخ (مذکورہ بالا) سے قبل موجود ہوں بصورت دیگر ان کو ٹیکس کٹوتی کیلئے نان فائلر تصور کیا جائے گا۔

**کارپوریٹ شیئر ہولڈرز** جو ٹیکس سے استثنیٰ کے دعویدار ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ متعلقہ اتھارٹیز کی جانب سے اپنے ادارے کو جاری کیا گیا مؤثر انکم ٹیکس ایگزیمپشن سرٹیفکیٹ فراہم کریں جو FBR کی جانب سے لیٹر C.No.1 (43) DG (WHT)/2008-Vol.11-66417-R بتاریخ 12 مئی 2015 میں جاری کردہ وضاحت کے تحت استثنیٰ حاصل کرنے کیلئے لازم ہے۔ اگر آپ خصوصی ٹیکس ریٹ کے تابع ہیں تو براہ مہربانی متعلقہ اتھارٹیز کی جانب سے جاری کئے گئے سرٹیفکیٹ کی نقل بھی فراہم کریں۔ متعلقہ نقول ہمارے شیئر رجسٹرار کو مقررہ تاریخ تک اُن کے مذکورہ بالا پتے پر موصول ہوجانی چاہئیں۔

26.10.23 21x2